05/01/2026

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ سید تجمل اسلام اندرابی سے خبریں سُنئے

ہیڈ لائینز

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

*........ وزیر اعظم نریندر مودی نے سومناتھ مندر کی بقاءکو ملک کے شاندار ثقافتی جذبے کا عکاس دیا قرار ۔

*........ بجلی کے مرکزی وزیر منو ہر لال نے جموں کشمیر میں NHPC کی طرف سے عملائے جا رہے پن بجلی پروجیکٹوں کا لیا جائزہ ۔

*........ لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے ملک کا مستقبل روشن بنانے اور ترقیاتی سفر کو دوام بخشنے میں نوجوانوں کے رول کو کیا اجا گر ۔

اور

*........ جموں کشمیر میں پرگتی @50 پہل کے تحت 53 ہزار کروڑ روپے لاگت والے متعدد پروجیکٹ مکمل ۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ گزشتہ ہزار سال سے سومناتھ مندر کی بقاءملک کے شاندار ثقافتی جذبے کی عکاسی کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بار بار کے حملوں اور بہت زیادہ ناموافق حالات کے باوجود سومناتھ مندر آج بھی مضبوطی سے قائم ہے۔

سال ایک ہزار 26 میں سومناتھ مندر پر کیے گئے پہلے حملے کے ایک ہزار سال ہونے کی مناسبت سے تحریر کیے گئے ایک Op-Ed مضمون میں وزیر اعظم نے کہا کہ سومناتھ کا نام سنتے ہی لوگوں کا دل و دماغ فخر سے سرشار ہو جاتا ہے۔ انہوں نے اپنے ایک آڈیو پیغام میں کہا کہ آج ایک ہزار سال بعد بھی یہ مندر اپنی عظمت کی بحالی کیلئے کی گئی بے شمار کوششوں کی بدولت اپنی پوری شان کے ساتھ قائم ہے۔

------PM-------

مرکزی وزیر منوہر لال

بجلی کے مرکزی وزیر منوہر لال نے آج جموں کا دورہ کر کے وہاں جموں کشمیر کی طرف سے عملائے جا رہے پن بجلی پروجیکٹوں کا جائزہ لیا ۔ انہوں NHPC میں کو ہدایت دی کہ وہ سلال ریزروائر کو چالو کرنے میں حائل رکاوٹوں کو NHPC نے فوری طور سے دور کریں ۔ انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر کے آبی وسائل کو مکمل طور سے بروئے کار لایا جانا چاہئے ۔ ان کے ہمراہ بجلی وزات کے سیکریٹری پنکج اگروال بھی تھے ۔ دو روزہ دورے کے دوران وزیر موصوف ریاسی رام بن اور کشتوار اضلاع کے پروجیکٹوں کا جائزہ لے رہے ہیں ۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ نوجوان روشن مستقبل کے معمار اور ملک کے ترقیاتی سفر میں ریڈھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہےں ۔ ایل جی نے ان باتوں کا اظہار گونڈا اُترپردیش میں منعقدہ راشٹر کتھا مہو اتسو کی تقریب سے خطاب کرنے کے دوران کیا ۔

انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کیلئے خو د شناسی کا عمل انتہائی ضروری ہے ، جس کے بعد وہ اپنے سماجی اور ملک کی ترقی کے سفر میں ذمہ داری کے ساتھ اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔

منوج سنہا نے نوجوانوں کو با اختیار بنانے اور انہیں ملک کی گونا گوں ثقافت اور مالا مال ورثے کے ساتھ جوڑنے کیلئے پارلیمنٹ کے سابق رکن برج بھوشن شرن سنگھ کے رول کی ستائش کی۔

سکینہ ایتو

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے سماج کو با اختیار بنانے اور اسے ایک ترقیاتی نہج دینے میں اساتذہ کے کلیدی رول کو اجا گر کیا ہے ۔ ادھمپور میں آج اساتذہ کے ایک روزہ کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ تعلیم کے شعبے کو در پیش چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لئے جدید اور اختراعی ٹیکنالوجی کو بروئے کار لائیں ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں کشمیر میں بڑے ترقیاتی پروجیکٹوں کی عمل کے مثبت رول کو اجا گر کیا ہے ۔ جموں میں Pragati آوری میں سرعت لانے میں آج ایک پریس بریفنگ کے دوران انہوں نے کہا کہ پرگتی @50 کی بدولت ان متعدد پروجیکٹوں کو مکمل کرنے میں مدد ملی ہے جو مختلف وجوہات کی بنا پر دہائیوں تک التواءمیں پڑے رہے ۔ انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر میں 15 بڑے پروجیکٹ پرگتی پلیٹ فارم کے ذریعے سے براہِ راست وزیر اعظم کی نگرانی میں ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ اس نظام کے ذریعے سے اب تک جموں کشمیر میں 53 ہزار کروڑ روپے لاگت والے پروجیکٹوں کو مکمل کیا گیا ۔

گرو پورب

آ ج گرو گوبند سنگھ جی کا گرو پورب نہایت ہی مذہبی عقیدت و احترام کیساتھ منایاجا رہا ہے ۔

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے گرو پورب کے موقعے پر جموں کشمیر کی عوام کو مبارکباد دی ہے۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی گرو گوبند سنگھ جی کی جینتی پر تمام لوگوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔انہوں نے گرو گوبند سنگھ جی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی تعلیمات اور سکھائے ہوئے اقدار ہمیشہ صداقت اور جذبہ ایثار کی ترغیب دیتے ہیں۔

کابینی وزراء، سکینہ ایتو ، جاوید رانا، جاوید ڈار اور ستیش شرما اورجموں کشمیر پولیس کے انسپکٹر جنرل وی کے بردی نے بھی گرو پورب کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے ۔

نیشنل کانفرنس کے ممبر پارلیمنٹ شمی اوبرائے اور این سی مائنارٹی سیل کے کنوینر جگدیش سنگھ آزاد نے بھی سکھ برادری کو گرو پورب کی مبارکباد دی ہے ۔

وقف بورڈ

جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشان اندرابی نے آج آثار شریف کعبہ مرگ کا دورہ کر کے وہاں وقف بورڈ کی طرف سے مکمل کئے گئے کئی ترقیاتی کاموں کا افتتاح کیا ۔ اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ وقف بورڈ جموں کشمیر میں موجود زیارت گاہوں پر سہولیات کو دوام بخشنے اور زیارت گاہوں کی جازبیت میں اضافہ کرنے کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے ۔ بعد میں انہوں نے ماوورہ پہلگام میں حضرت سید احمد کرمانیؒ کے مزار پر بھی حاضری دی ۔

ہمارے اننت ناگ کے نمائندے تصدق رشید کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا
۔

ست شرما

بی جے پی جموں کشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما نے آج پارٹی کے جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول کی موجودگی میں پارٹی ہیڈ کوارٹر پر کٹھوعہ ضلع کی پارٹی میٹنگ کی صدارت کی ۔ ست شرما نے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت والی سرکار کی طرف سے شروع کی گئی فلاحی سکیموں کو عام لوگوں تک پہنچائیں ۔ اس موقعہ پر پارٹی کی نائب صدر اور کٹھوعہ ضلع کی پربھاری پریا سیٹھی اور کئی دیگر لیڈر بھی موجود تھے ۔

دریں اثناءبی جے پی صدر ست شرما اور نائب صدر پریا سیٹھی نے ساتویں رول بال ورلڈ کپ جیتنے والے کھلاڑی انیتا گنڈوترا اور سُنیتا سرین کی عزت افزائی کی ۔

**نیشنل کانفرنس**

نیشنل کانفرنس کے ترجمانِ اعلیٰ تنویر صادق نے آج پارٹی ہیڈ کوارٹر پر ایک تقریب چمپئین شپ کے میڈل جیتنے والے Dragon Boat کے دوران بارہویں نیشنل کھلاڑیوں کو تمغوں اور توصیفی اسناد سے نوازا ۔ انہوں نے کہا کہ ان کھلاڑیوں نے جموں کشمیر کا نام فخر سے اونچا کر دیا ہے ۔

دریں اثناءپارٹی کے صوبائی صدر کشمیر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر نے آج پارٹی ہیڈ کوارٹر پر کئی عوامی وفود اور پارٹی کارکنوں سے ملاقات کی اور ان کے مسائل سنے ۔ انہوں نے وفود کو یقین دلایا کہ موجودہ حکومت لوگوں کے مسائل حل کرنے اور ان کی راحت رسانی کے لئے وعدہ بند ہے ۔

**جی رام جی**

اب خبر جی رام جی سکیم سے متعلق

حال ہی میں متعارف کئے گئے قانون ” وکست بھارت ۔ روزگار گارنٹی اور آجیوکا مشن گرامین“ کا عوامی سطح پر وسیع خیر مقدم کیا جا رہا ہے ۔

بڑی برہمنا جموں کے ایک سرپنچ ترسیم سنگھ چاڈک نے اس ضمن میں اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

یہ ہیں پُر منڈل جموں سے تعلق رکھنے والے ایک شہری وِکی شرما کے تاثرات۔

MG-NREGA ، اس دوران دیہی ترقی کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ بدعنوانی کی علامت بن گیا تھا، جہاں مزدوروں کا عام طور پر استحصال کیا جاتا تھا۔
نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، شیو راج چوہان نے

کانگریس پر الزام لگایا کہ وہ نئے نافذ کیے گئے ’’وکست بھارت روزگار اور آجیویکا گارنٹی مشن -جی رام جی‘‘ قانون کے بارے میں مبینہ طور پر عوام کو گمراہ کررہی ہے۔

وزیر موصوف نے بتایا کہ اگلے سال کیلئے ایک لاکھ 51 ہزار 282 کروڑ روپے مختص کیے جانے کی تجویز پیش کی گئی ہے، جس میں سے 95 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کا تعاون مرکزی حکومت کرے گی۔

زراعت کے وزیرشو راج سنگھ

دریں اثناءزراعت کے وزیر شو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ وکست بھارت - MG ایکٹ G RAM G - گارنٹی فار روزگار اینڈ آجیوکا مشن (گرامین) - وکست بھارت تامل ناڈو Erode نریگا سکیم میں شفافیت لانے کے لئے وجود میں لایا گیا ۔ وہ آج میں کسانوں سے خطاب کر رہے تھے ۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر DTH اور AIR خبریںآپ آکاشو انی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن سکتے ہیں۔

نشہ مکت بھارت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میںایک ڈرامہ آرٹسٹ طارق احمد بیگ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

## پولیس

پولیس نے بڈگام میں منشیات کے خلاف کاروائی کو جاری رکھتے ہوئے آج سید محلہ ناربل میں وانی گام پٹن کے شوکت احمد وانی نامی ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے ۔ اس کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی گئی ہے ۔

Routine Checking کے دوران غیر قانونی طور لئے جا پولیس نے پلوامہ میں رہے ایندھن کی ایک کھیپ کو ضبط کیا ہے ۔

## ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر ،سماج سے رشوت خوری کی بدعت کا خاتمہ کرنے اور راشی عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے ۔

ACB خاص طور سے اراضی گھوٹالوں کے معاملات میں ملوث افراد کے خلاف موثر کارروائی کر رہا ہے۔

ACB ۔ جموں کشمیر کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک کے تاثرات

## سیاحت

وادی میں سیاحتی سرگرمیوں کو دوام بخشنے نیز زیادہ سے زیادہ سیاحوں کو راغب کرنے کے لئے ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں ۔جموں کشمیر میں بیشتر لوگوں کا روزگار سیاحتی شعبے سے وابستہ ہے ۔

محکمہ سیاحت اس صنعت سے جُڑے لوگوں کی راحت رسانی کے لئے پیش پیش ہے ۔ اس بارے میں محکمہ سیاحت کشمیرکے ڈائریکٹر سید قمر سجاد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

**Winter**

وادی میں درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔ تاہم ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

جموں پولیس

نامی سرحدی Kanachak ، آر ایس پورا اورArnia جمونصوبے کے گاو

---

ں کے تقریباً 85، ولیج ڈیفنس گروپس، جموں کی ڈسٹرکٹ پولیس لائنز میں تربیت ۓ جموں جوگیندر سنگھ نے کیا۔ SSP حاصل کررہے ہیں۔ اِس تربیتی پروگرام کا افتتاح

یہ
گاو

---

ں بین الاقوامی سرحد کے قریب واقع ہیں، جہاں دراندازی اور ڈرون کی سرگرمیوں ۓ کے اراکین کو VDG جموں سمیت، تربیت کار SOG کے معاملات زیادہ ہوتے ہیں۔ اولین کارروائی کرنے والوں کے طور پر تیار کررہے ہیں۔

کو تیار کرنا، خطے میں پائیدار امن کیلئے کثیر جہتی VDGs جموں نے کہا کہ SSP حفاظتی حکمتِ عملی کا حصہ ہے۔

کشتواڑ کے ایس ایس پی نریش سنگھ نے کہا ہے کہ پولیس نے چھاترو علاقے مینچوبیس گھنٹے کے دوران چوری کی ایک واردات کو حل کیا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ دو چوروں کو گرفتار کر کے چار لاکھ رو پے مالیات کا مالِ مسروقہ بازیاب کیا گیا ہے ۔

پولیس نے دَشمیش نگر پارک جموں میں سنجے مشر ا نامی ڈرگ سمگلر کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے ۔

فوج

ڈے کے موقعہ پر Veterans فوج کی طرف سے آج ادھمپور میں دسویں
درو

---

وَا وار میموریل پر گل دائرہ چڑھا کر فوج کے ان بہادر جوانوں کو خراج عقیدت ادا ¾ کیا گیا جنہوں نے قوم کی خدمت میں اپنی جانوں کا نظرانہ پیش کیا ۔ اس موقعہ پر لیفٹنٹ جنرل پرتیک شرما اور فوج کے کئی دیگر اعلیٰ افسران GOC شمالی کمان کے بھی موجود تھے ۔

JDU

جنتا دل یونائٹڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے وزارت داخلہ اور وزیر داخلہ امت شاہ سے اپیل کی ہے کہ وہ جموں کشمیر میں کام کر رہے ایس پی اوز کے مسائل کو حل کرنے کے لئے فوری اقدامات کریں ۔ انہوں نے کہا کہ ایس پی اوز کی نوکریوں کو مستقل کرنے کے لئے ایک جامع پالیسی وجود میں لائی جانی چاہئے ۔

BRO

سرحدی سڑک تنظیم سرینگر ۔ کرگل قومی شاہراہ کو زیادہ سے زیادہ وقت تک ٹریفک کی آواجائی کے لئے کھلا رکھنے کے لئے خاطر خواہ اقدامات کر رہی ہے ۔ پروجیکٹ BRO کرگل میں آکاشوانی کے نمائندے عنایت علی نے خبر دی ہے کہ کے تحت فوج کی آپریشنل ضروریات کے مطابق Himank ، بیکن اور Vijayak زوجیلا دھرے پر برف ہٹانے کے لئے اپنی مشینری اور افرادی قوت کو متحرک رکھے ہوئے ہے ۔

نائب صدر جمہوریہ

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے آج کہا ہے کہ آپریشن سندور کے دوران نے قابل ستائش رول ادا کیا تھا۔ انہوں نے نئی دلی میں یوم NCC کور Cadet نیشنل کیمپ سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ آپریشن NCC جمہوریہ پریڈ 2026 کے سندور کی کامیابی کو
ا

جاگر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس آپریشن نے اپنے قومی افتخار، سالمیت اور ± اتحاد اور NCC عوام کے تحفظ کی خاطر ملک کے عزم کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈسپلن کے اپنے مقصد کے ساتھ بدستور ذمہ دار اور محب وطن شہریوں کو تحریک دیتی رہی ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے24گھنٹوں کے دوران کشمیر وادی میں کہیں کہیں پر ہلکی بارش یا برف باری جبکہ جموں میں موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 9 اعشاریہ7 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 3 اعشاریہ 6 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت16 اعشاریہ2 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 8 اعشاریہ7 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر37منٹ اور غروب آفتاب شام5 بجکر36منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر

کشمیری زبان میں نشر ہو گا ۔